© rasailojaraid.com



## مولانا محمد عبداللہ صاحب کو صدمہ

جامعہ کے مدیر التعلیم مولانا محمد عبداللہ صاحب کے دس ماہ کے چھوٹے بیٹے مورخہ 25 اگست کو افضل ہسپتال میں وفات پا گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ جامعہ میں ان کی نماز جنازہ نماز عشاء کے بعد نے پڑھائی گئی۔ جس میں بڑی تعداد میں جماعتی احباب نے شرکت کی۔

## مولانا قطب شاہ صاحب کو صدمہ

جامعہ کے مدرس مولانا قطب شاہ صاحب کے نانا جان اور مولانا محمد ابراہیم سرپرست اعلیٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث چکوال کے بڑے بھائی غلام مرتضیٰ صاحب مورخہ 17 اگست کو وفات پا گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرکزی جامع مسجد میں ان کی غائبانہ نماز جنازہ حافظ عبدالحمید نے پڑھائی۔

## حافظ عتیق الرحمٰن (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

کوٹلہ آئمہ میں حافظ عتیق الرحمٰن کی اہلیہ طویل علالت کے بعد 5 اگست کو انتقال کر گئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ ان کی نماز جنازہ حافظ عبدالحمید نے پڑھائی۔

## جہانگیر، نسیم ظفر اور خورشید زرگر کو صدمہ

جہانگیر اور نسیم ظفر صاحبان کی خوشدامن اور خورشید زرگر کی نانی اماں مورخہ 28 اگست کو طویل علالت کے بعد اس جہان فانی سے کوچ کر گئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

## شاہد رؤف میر، خالد رؤف میر اور طاہر رؤف میر کو صدمہ

جامع مسجد اہل حدیث محلہ مستریاں جہلم کے خزانچی شاہد میر برادران کے بڑے بھائی ساجد رؤف میر 25 اگست کو وفات پا گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرکزی جنازہ گاہ میں ان کی نماز جنازہ پڑھائی گئی۔

## چوہدری خالد اور چوہدری مہر محمد فاروق کو صدمہ

چوہدری محمد خالد کے والد چوہدری محمد عاشق بن چوہدری عید محمد مرحوم (فروٹ مرچنٹ) مورخہ 27 اگست کو انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ قاری مہتاب الرحمٰن نے پڑھائی۔



© rasailojaraid.com